کرسی عرش کے مقابلے میں یوں ہے جیسے لوہے کا چھلّا زمین کے کسی وسیع و عریض صحراء میں پڑا ہو

ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”(اللہ تعالی کی) کرسی عرش کے مقابلے میں یوں ہے جیسے لوہے کا چھلّا زمین کے کسی وسیع و عریض صحراء میں پڑا ہو“
[صحیح] [اسے ابنِ ابی شیبہ نے اپنی کتاب ”العرش“ میں روایت کیا ہے - اسے امام ذہبی نے اپنی کتاب ”العلو“ میں روایت کیا ہے]

نبی ﷺ ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث میں بتا رہے ہیں کہ کرسی باوجود اپنی وسعت اور عظمت کے عرش کے مقابلے میں ایسے ہے جیسے زمین کے کسی وسیع و عریض صحراء میں پڑا لوہے کا ایک چھلّا ہوتا ہے اس سے عرش کے خالق کی عظمت اور اس کی قدرت تام کا علم ہوتا ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3413